أَنَا قَاسِمٌ وَاللّٰهُ يُعْطِي

غلام مصطفیٰ ظہیر امن پوری

❁ معاویہ بن ابی سفیان رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

إِنَّمَا أَنَا قَاسِمٌ وَاللّٰهُ يُعْطِي

''میں صرف تقسیم کرتا ہوں، اللہ تعالیٰ عطا فرماتا ہے۔''

(صحيح البخاري : 71، صحيح مسلم : 1037)

امام بخاری رحمہ اللہ نے اس حدیث کو کتاب العلم اور کتاب الغنائم میں ذکر کیا ہے۔ معنی یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ مجھے علم نبوت سے نوازتا ہے اور میں اس کی تبلیغ کرتا ہوں۔ یا اللہ تعالیٰ مال غنیمت عطا فرماتا ہے اور میں تقسیم کر دیتا ہوں۔ یہ تحت الاسباب امداد ہے۔

❁ سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

مَا أُعْطِيكُمْ وَلَا أَمْنَعُكُمْ، إِنَّمَا أَنَا قَاسِمٌ أَضَعُ حَيْثُ أُمِرْتُ .

''میں نہ تمہیں کچھ دے سکتا ہوں اور نہ روک سکتا ہوں، میں تو صرف تقسیم کرنے والا ہوں، جہاں حکم ہوتا ہے، وہیں خرچ کرتا ہوں۔''

(صحيح البخاري : 3117)

یہاں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم واضح فرما رہے ہیں کہ میں تمہیں کچھ عطا نہیں کر سکتا، نہ ہی رب کی عطا میں بندش ڈال سکتا ہوں۔

❁❁❁❁❁❁❁